**زندہ شخص کی طرف سے گردے کا عطیہ کیا ہے؟**
ہم میں سے زیادہ تر افراد دو گردوں کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ تاہم، ایک صحتمند شخص صرف ایک گردے کے ساتھ بھی معمول کی صحتمند زندگی بسر کر سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک صحتمند شخص کسی دوسرے شخص کو جس کے گردے کام نہ کرتے ہوں گردہ دے (عطیہ) سکتا ہے۔ یہ تحفہ ایک زندہ شخص کی طرف سے گردے کا عطیہ کہلاتا ہے۔ وہ شخص جو کسی دوسرے ضرورتمند شخص کو گردہ عطیہ کرتا ہے اس کو "زندہ عطیہ کندہ"، کہتے ہیں جبکہ وہ شخص جس کو گردے کی ضرورت ہوتی ہے اس کو "پیوندکاری کا طلبگار"، کہتے ہیں۔

کوئی بھی بالغ فرد جو اچھی صحت کا مالک ہو اپنا معائنہ کروا کر زندہ عطیہ کندہ بن سکتا ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ہر متوقع عطیہ کندہ کسی ضرورتمند شخص کو اپنا گردہ عطیہ کرنے کے لیے اچھی صحت کا مالک ہو اس کو لازمی طور پر اپنا طبی معائنہ کروانا چاہیے۔

گردہ عطیہ کرنے کا عمل آپریشن کے ذریعے کیا جاتا ہے جس کے دوران عطیہ کندہ کا گردہ نکال کر مزید ایک سرجری کے ذریعے پیوندکاری کے طلبگار شخص کو لگا دیا جاتا ہے۔ عطیہ دے دینے کے بعد عطیہ کندہ کے باقی رہ جانے والے گردے کو نکال دیے گئے گردے کی کمی دور کرنے کے لیے زیادہ کام کرنا پڑتا ہے۔ عطیہ کندہ کو ہر سال ڈاکٹر سے معائنہ کروانا پڑے گا تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ اس کا باقی رہ جانے والا گردہ درست طور پر کام کر رہا ہے۔

**چند ایک مریضوں کو گردے کی پیوندکاری کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے؟**
گردے ہمارے خون کے اندر موجود فالتو مادوں کو صاف کرتے ہیں۔ یہ ہمارے اجسام میں موجود نمک اور پانی کی سطح کو بھی کنٹرول کرتے ہیں۔ بعض اوقات کوئی بیماری یا مرض، مثال کے طورپر ہائی بلڈ پریشر یا ذیابیطس گردوں کی ناکامی کا سبب بن جاتے ہیں۔ جب ایسی صورتحال پیدا ہو جائے تو اس کو "گردے کی آخری مرحلے کی بیماری" کہا جاتا ہے کیونکہ گردے درست طور پر کام کرنے کی اپنی اہلیت کے اختتام کے قریب پہنچ جاتے ہیں۔ جب گردے کام کرنا بند کر دیں تو مریض کو خون سے فالتو مادے صاف کرنے کے لیے لازمی طور پر کسی قسم کے علاج کی ضرورت پیش آتی ہے جس کا ایک متبادل راستہ گردے کی پیوندکاری ہے۔ گردے کسی زندہ صحتمند شخص (عطیہ کندہ زندہ شخص) یا کسی ایسے شخص کی طرف سے آ سکتے ہیں جو کہ حال ہی میں فوت (متوفی عطیہ کندہ) ہوا ہو۔ ڈایا لائسز ایک متبادل ذریعہ ہے۔ ڈایا لائسز کے دوران خون سے فالتو مادے صاف کرنے کے لیے ایک مشین استعمال کی جاتی ہے۔ وہ افراد جو اس کے حقدار ہوں ان کے لیے کسی زندہ عطیہ کندہ کی طرف سے پیوندکاری ایک بہترین متبادل ہوتا ہے۔

**کسی زندہ شخص کے گردے کے عطیے کےکیا فوائد کیا ہیں؟**

- وہ مریض جن کے گردوں کا مرض آخری درجہ پر ہوتا ہے اور وہ گردے کی پیوندکاری کے حقدار ہوتے ہیں ان کے لیے کسی زندہ شخص کا عطیہ کردہ گردہ ایک بہترین علاج ہے۔
- کسی زندہ شخص کا گردہ عام طور پر فوت ہو جانے والے شخص کے گردے سے زیادہ دیر تک کام کرتا ہے۔
- کسی زندہ شخص کا عطیہ کردہ گردہ ڈایا لائسز کی ضرورت کو ختم یا کم کر سکتا ہے۔
- ہر وہ مریض جو کسی زندہ شخص کی طرف سے پیوندکاری وصول کرتا ہے اس کا نام گردے کے لیے متوفی عطیہ کندہ کی ویٹ لسٹ سے ہٹا دیا جاتا ہے۔ یہ عمل پیوندکاری کی ویٹ لسٹ پر موجود دیگر مریضوں کے انتظار کی مدت کو کم کر دیتا ہے۔
- عطیے اور پیوندکاری کے آپریشنز اس وقت کیے جاتے ہیں جب متوقع عطیہ کندہ اور پیوندکاری کا طلبگار شخص دونوں ممکنہ طور پر بہترین صحت کے مالک ہوں۔ اچھی صحت کا مالک ہونا سرجری کے بعد صحتیابی کے عمل کو بہتر بناتا ہے۔
- بہت سے لوگ جنہوں نے گردہ عطیہ کیا ہوتا ہے ان کا کہنا ہے کہ کسی ضرورتمند کی مدد کرنا ان کے لیے ایک مثبت ذاتی تجربہ ہے۔

**کیا کوئی بھی گردہ عطیہ کر سکتا ہے؟**
ایک بالغ شخص کو گردے کا عطیہ دینے کے لیے جانچا جا سکتا ہے۔ ایک متوقع عطیہ کندہ پیوندکاری کے طلبگار شخص کا کوئی فیملی ممبر، دوست ہمسایہ، یا کوئی دیگر واقف کار ہو سکتا ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ متوقع عطیہ کندہ ایک ہی عمر، جنس یا نسل سے تعلق رکھتا ہو جس سے پیوند کاری کا طلبگار تعلق رکھتا ہے۔ حقیقت میں ایسا کوئی بھی شخص ہو سکتا ہے جو عطیہ دینے کے لیے رضامند ہو۔

متوقع عطیہ کندہ اور پیوندکاری کے طلبگار شخص دونوں کے لیے عطیہ کرنے یا پیوندکاری انجام دینے سے قبل میڈیکل ٹیسٹ اور جائزے مکمل کرنے لازمی ہیں۔ مثال کے طورپر متوقع عطیہ کندہ سرجری کروانے اور صرف ایک گردے کے ساتھ صحتمند زندگی بسر کرنے کے لیےاچھی صحت کا مالک ہو۔ اسی طرح باوجودیکہ پیوندکاری کا طلبگار شخص گردوں کے مرض کے آخری مرحلے سے گزر رہا ہوتا ہے اور اس کو نئے گردے کی ضرورت ہوتی ہیں لیکن یہ شخص بھی سرجری کروانے کے لیے لازمی طور پر صحتمند ہو اور بعد ازاں پورا علاج کروانے کے قابل ہونا چاہیے۔ یہ معلوم کرنے کے لیے کہ آیا عطیہ کندہ کا خون اور خلیے کی قسم پیوند کاری کے طلبگار شخص کے ساتھ مماثلت رکھتے ہیں ان کے خون کے ٹیسٹ لیے جاتے ہیں۔ اگر یہ حقائق ایک دوسرے کے ساتھ ملتے ہوں تو متوقع عطیہ کندہ اور طلبگار کو ایک "موافق جوڑا" کہا جاتا ہے جبکہ طلبگار اس عطیہ کندہ سے اس کا گردہ وصول کر سکتا ہے۔ میڈیکل ٹیسٹوں اور جائزوں کے لیے دن کے وقت کی میڈیکل اپائنٹمنٹس درکار ہوں گی۔

عطیہ دینے کے بعد یہ توقع کی جاتی ہے کہ عطیہ کندہ اچھی صحت کا مالک رہے گا۔ اچھی صحت کا مالک رہنے کے لیے انکے فیملی ڈاکٹر کی طرف سے صحت کی باقاعدہ دیکھ بھال اور معائنے کروانے شامل ہیں۔

**اگر متوقع عطیہ کندہ اور پیوندکاری کے طلبگار شخص میں مماثلت نہ پائی جاتی ہو تو کیا ہو گا؟**

اگر خون کے ٹیسٹوں سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ متوقع عطیہ کندہ اور پیوندکاری کےطلبگار شخص میں مماثلت موجود نہیں ہے تو ان کو "غیر مماثل جوڑا " کہتے ہیں۔ یہ اس وقت ہو سکتا ہے جب عطیہ کندہ کے خون کی قسم پیوندکاری کے طلبگار شخص کے خون کی قسم سے مماثلت نہ رکھتی ہو۔ یا اس کا مطلب یہ ہے کہ پیوندکاری کے طلبگار شخص کے خون میں پروٹین (جس کوضد جراثیم کہتے ہیں) موجود ہے جو کہ عطیہ کندہ کے گردے کو قبول نہیں کرے گی۔

اگر متوقع عطیہ کندہ پیوندکاری کے طلبگار شخص کے ساتھ مماثلت نہیں رکھتا تو ایسی صورت میں بھی وہ پیوندکاری کے طلبگار شخص کے لیے کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام کی وساطت سے مناسب گردہ تلاش کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ یہ پروگرام گردہ عطیہ کرنے والے شخص کو پیوندکاری کے طلبگار شخص کے ساتھ جس کو گردے کی ضرورت ہو ملانے کی کوشش کرتا ہے۔ اپنے لیونگ کڈنی ڈونیشن پروگرام یا پیوند کاری کے سینٹر سے مزید معلومات طلب کریں یا یہاں پر ملاحظہ فرمائیblood.ca/organs-tissues

**زندہ شخص کے اعضاء کے عطیے کی اقسام**

***با ہدف عطیہ***۔ اس طرح کا عطیہ اس وقت دیا جاتا ہے جب متوقع عطیہ کندہ پیوندکاری کے طلبگار شخص سے واقف ہوتا ہے اور وہ اس کے ساتھ مماثلت رکھتا ہے۔ با ہدف عطیہ کندگان حیاتیاتی اعتبار سے پیوندکاری کے طلبگار شخص کے رشتہ دار ہو سکتے ہیں (مثال کے طور پر والدین، بچے، بہن بھائی، دادا/دادی، نانا/نانی) یا غیر رشتہ دار (مثال کے طورپربیوی، دوست، کام کے ساتھی)۔

***بلا ہدف گمنام عطیہ (این ڈی اے ڈی)***۔ اس طرح کا عطیہ اس وقت دیا جاتا ہے جب کوئی شخص اپنا گردہ عطیہ کرنے کی پیشکش کرتا ہے جو کہ کسی بھی ایسے شخص کو مل سکتا ہے، جس کو وہ مماثل پاتے ہوں اور جس کو گردے کی پیوندکاری کی ضرورت ہو۔ اگر گردہ براہ راست کسی ایسے شخص کو دیا جائے جس کا نام انتظار کی فہرست پر موجود ہو تو اس طرح کا عطیہ پیوندکاری کے طلبگار شخص کی مدد کر سکتا ہے۔ بصورت متبادل اس طرح کے عطیے سے کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام پر موجود بہت سے افراد کی مدد کا امکان پیدا ہو سکتا ہے۔ اس پروگرام میں کسی ایک این ڈی اے ڈی کی طرف سے عطیہ کردہ گردہ تبادلوں کا ایک سلسلہ متحرک کر سکتا ہے۔

آپ کے صوبے میں موجود لیونگ ڈونیشن پروگرام کڈنی پیئرڈ ڈونیشن پروگرام کے بارے میں مزید معلومات فراہم کر سکتا ہے۔ آپ یہاں پر آن لائن معلومات بھی ملاحظہ فرما سکتے/سکتی ہیں blood.ca/organs-tissues

**میں کس طرح آغاز کروں؟**

اگر آپ کسی ایسے شخص کو جانتے ہیں جو گردے کی پیوندکاری کا طلبگا ہے تو آپ اس کے ساتھ بات کر سکتے ہیں۔ یا آپ اپنے صوبے میں لیونگ ڈونیشن پروگرام کے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ایک بلا ہدف نامعلوم عطیہ کندہ بننا چاہتے ہیں تو آپ کے صوبے میں موجود لیونگ ڈونر پروگرام آپ کو مزید معلومات فراہم کر سکتا ہے۔ کنیڈا کے اندر لیونگ ڈونیشن پروگرام کے ساتھ رابطہ کی تفصیلات یہاں پر آن لائن دستیاب ہیں blood.ca/organs-tissues

| Program contact information: |
| --- |
| |